RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۹	مطبوعہ سوموار دوشنبہ تاریخ ۲۶ فروری ۱۸۹۴ء مطابق ۱۹ شعبان ۱۳۱۱ھ	جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
	احکام صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۱	مثبتہ عرضی مزاج بیگم زوجہ کرامت علیخان دربارہ موقوفی عبد العلی خان مختار عام۔	۱ اور
۲	تبدیلی سید عبد الرزاق پیشکار جرنیلی و ماموری سراج احمد پیشکار اسسٹنٹ مجسٹریٹ و تبدیلی منصب علی پیشکار جج مجسٹریٹ و تقرر محمد یسین خان بہ پیشکاری جج مجسٹریٹ۔	۲
۳	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل ٹانڈہ۔	ضمیمہ
۴ و ۵	نقشہ جات اموات و نقشہ نرخنامہ اجناس۔	"

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

مثبتہ عرضی مزاج بیگم زوجہ کرامت علیخان۔

معرفت لفٹیننٹ صدر رسالہ سے مضمون عرضی تصدیق ہونیکے بعد حسب حکم ہوا کہ جملہ عدالتوں کو تبرئیل نقول کاغذات اطلاع دیجاوے اور گزٹ میں بھی درج ہونا چاہئے۔

۱۵ فروری ۱۸۹۴ء

دستخط انگریزی صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

عرضی مزاج بیگم زوجہ کرامت علیخان سکنہ بازار ملا ظریف

غریب پرور سلامت

جنابعالی میرے عبد العلی خان مختار عام

میرسے سے دو ایک کام خلاف مرضی میرے کے صادر ہوے

لہذا مینے اونکو مختارکاری سے علیحدہ کردیا اور مختارنامہ عام

جو اونکے پاس تہا وہ اونسے لیلیا لہذا امیدوار ہون

کہ عدالت مین جو وقت تصدیق مختارنامہ عام کے اونکا

نام درج ہے تو عدالت سے اونکا نام خارج کیا جاوے

اور اسی عرصہ مین اگر مختار مذکور نے کوئی کارروائی میری

جانب سے کی ہو اوسکا اعتبار نکیا جاوے۔

واجب تہا عرض کیا۔ آفتاب دولت و حشمت کا تابان رہے

۲۵ جنوری ۱۸۹۳ء

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

بوصول نقل روبکار اجلاسی صاحب سکرٹری بہادر بمقدمہ

تبدیلی سید عبد الرزاق پیشکار جزیلی و ماموری سراج احمد الدین

پیشکار اسسٹنٹ مجسٹریٹ امتحاناً بمشاہرہ تیس روپیہ بجاے

سید عبد الرزاق پیشکار حسب تجویز صاحب جج بہادر تبدیلی

منصب علی پیشکار بنچ مجسٹریٹ کی باضافہ پنجر روپیہ ماہوار

بعہدہ پیشکاری اسسٹنٹ مجسٹریٹ کی گئی اور بجاے اونکے

محمد یسین خان بمشاہرہ بست روپیہ ماہوار پیشکار بنچ مجسٹریٹ

امتحاناً چہ ماہ کیواسطے مقرر ہوے۔

۲۲ فروری ۱۸۹۳ء

دستخط انگریزی

صاحب جوڈیشل ممبر

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۰ فروری ۱۸۹۳ء

ہر ایک دفعہ کی متعلق احکام تحریر ہو چکی لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاے اور اصل بنا بر تعمیل واپس۔

دستخط انگریزی صاحب جوڈیشل ممبر

روئداد کمیٹی منیوسپل بورڈ تحصیل ملک منعقدہ ۵ فروری ۱۸۹۳ء

منشی محمد سعد اللہ خانصاحب تحصیلدار صدر نشین

منشی محمد ولی مظفر خانصاحب نائب تحصیلدار سکرٹری

اسماے شرکاے جلسہ

ملازمین		غیر ملازمین	
منشی وصی الدین محرر صفائی۔	ممبر	لالہ بشیشر دیال صاحب وکیل۔	ممبر
حکیم عباس علی صاحب۔	ممبر	ننھے خان ٹھیکہ دار۔	ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) بھوپال چھپی کے جھجہ کا پانی راستہ مین بہتا ہے جسکی وجہ سے کیچڑ بہت ہو جاتی ہے اور آیندر وندگان کو تکلیف ہوتی ہے اس بارہ مین تجویز مناسب ہونا چاہیے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ بڑی ناند گڑوادیجاے جسمین بہت پانی آسکے اور جب وہ لبریز ہو جایا کرے تو اوسکا پانی نکلوادیا کرین۔ صاحب صدر نشین کمیٹی بہی منظور کیا۔

ملاحظہ شد۔ ۲۰ فروری ۱۸۹۳ء

دستخط انگریزی صاحب جوڈیشل ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۲) دولی بقال کی بدررو کا پانی راستہ مین آتا ہے جس سے کیچڑ ہو جاتی ہے اور راستہ بوجہ کیچڑ کے خراب رہتا ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ دولی بقال کو ہدایت ہو کہ پانی کی نکاسی کا بندوبست کرے کہ کیچڑ راستہ مین نہووے۔ صاحب صدر نشین نے بہی منظور کیا۔

ملاحظہ شد۔ ۲۰ فروری ۱۸۹۳ء

دستخط انگریزی صاحب جوڈیشل ممبر

(۳) چیدا لال آبکار سے بوجہ سوختہ جمع کرنے کے محکمہ تعدادی پانچ روپیہ کا لیا گیا تھا لیکن وہ پھر سوختہ جمع رکھتا ہے اور کناؤ دریا نہیں ڈلواتا۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ مبلغ ایک روپیہ چیدا لال آبکار پر جرمانہ کیا جاوے اور وصول ہو کر سیاہہ سرکار ہو اور آئندہ کیواسطے ہدایت ہو کہ سوختہ جمع نکرے اور اگر جمع کریگا تو مستوجب سزائے جرمانہ دو چند کا ہوگا۔ صاحب صدرنشین نے بھی منظور کیا۔

چونکہ آبکاری کا تعلق اجلاس صاحب یونیو ممبر بہادر سے ہے لہذا نقل دفعہ ہذا بنابر منظوری باجلاس متعلق پیش ہو۔ ۲۰ فروری ۱۸۹۳ء

دستخط انگریزی
صاحب جوڈیشل ممبر

---

(۴) سابق میں چند مرتبہ حکم دربارہ تعمیر چھجہ پختہ قصبہ کھاتہ ہوا تھا لیکن ہنوز جوالا پرشاد و آنندی لال و پنڈت کلیان نے چھجہ پختہ تعمیر نہیں کرائے اور اسی وجہ سے راستہ خراب رہتا ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ہر ایک سے اقرار نامہ لیا جاوے اور ہدایت کیجاوے کہ بہت جلد تعمیر چھجہ کریں۔ صاحب صدرنشین نے بھی منظور کیا۔

ملاحظہ شد۔ ۲۰ فروری ۱۸۹۳ء

دستخط انگریزی
صاحب جوڈیشل ممبر

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۹ لغایت ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۴ عیسوی

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد		تفصیل پیدائش: عورت		تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب		تفصیل موتی: ایکسال سے ۵ سال تک		تفصیل موتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک		تفصیل موتی: ۱۲ سال سے زیادہ		تفصیل موتی: میزان		تفصیل موتی: تفصیل مذہب		تفصیل امراض					كيفيت
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۲۵	۷	۱۸	۳	۵۲	۴۲	۱۰	۱۴	۸	۰	۰	۹	۶	۲۳	۱۴	۲۷	۱۰	۰	۰	۳	۳۳	۳۷	
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ملک	۱۰	۴۸	۹	۳۷	۱۰۰	۱۹	۸۵	۰	۳	۱	۰	۲۰	۲۷	۲۱	۲۰	۵	۳۰	۰	۰	۰	۲۰	۴۱	
سوار	۴	۷	۷	۲	۲۰	۱۱	۹	۲	۰	۱	۱	۷	۳	۱۰	۴	۸	۶	۰	۰	۰	۱۴	۱۴	
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
میزان	۳۹	۶۲	۳۳	۴۲	۱۷۶	۷۲	۱۰۴	۱۶	۱۱	۲	۱	۳۶	۳۶	۵۴	۳۸	۳۰	۴۶	۰	۰	۳	۹۸	۹۲	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۹ لغایت ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۴ع

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	كيفيت
گندم	۰	۱۴ ۱ار	۰	۱۴ ۱ار	۰	۱۵ ۱ار	شہر رامپور و ملک و بلاسپور سے نقشے نہیں آئے
نخود خالص	۰	۲۱ ۱ار	۰	۲۰ ۱ار	۰	۲۰ ۱ار	
نخود [illegible]	۰	۲۵ ۱ار	۰	۲۲ ۱ار	۰	۲۲ ۱ار	
[illegible]	۰		۰	۰	۰		
ماش	۰	۱۸ ۱ار	۰	۱۶ ۱ار	۰	۱۶ ۱ار	
مونگ	۰	۱۹ ۱ار	۰	۰	۰	۱۸ ۱ار	
مکا	۰	۲۹	۰	۳۰ ۱ار	۰	۲۶ ۱ار	
ارہر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۲۵ ۱ار	
[illegible]	۰	۱۷ ۱ار	۰	۰	۰	۱۹ ۱ار	
برنج	۰	۰	۰	۰	۰	۱۲ ۱ار	
روغن زرد	۰	۱ ۱ار	۰	۱ ۱ار		۱ ۱ار	
روغن سیاہ	۰	۳ ۱ار	۰	۰	۰	۳ ۱ار	
روغن کنجد	۰	۳ ۱ار	۰	۲ ۱ار	۰	۲ ۱ار	
شکر [illegible]	۰	۸ ۱ار	۰	۷ ۱ار	۰	۸ ۱ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ۱ار	۰	۰	۰	۷ ۱ار	
قند سیاہ	۰	۱۲ ۱ار	۰	۱۲ ۱ار	۰	۱۲ ۱ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور